جامع مسجد اقصیٰ و مدرسہ رحمانیہ احسن العلوم

پائندہ باد

رجسٹرڈ نمبر ۸۲۷۲

علی اکبر شاہ گوٹھ، حلقہ نمبر ۲۳، کورنگی کریک کراچی نمبر ۲۰

تاریخ ~~21/2/88~~

حوالہ نمبر


بسم اللہ الرحمن الرحیم

تصدیق کیجاتی ہے اس بات کی کہ دنیا میں جتنے قوم ترقیاتی میدان
عبور کر چکی ہیں سب اپنی زبان کو لکھا پڑھا کر مافی الضمیر ادا
کرنیکی صورت میں ہوئی ہے چونکہ عرصہ دراز سے ہمارے قوم کی تنزلی کا
یہی سبب تھا کہ اپنا زبان میں لکھا پڑھا نہیں تو ما بعد اکثر
لوگ ان پڑھ ہونیکی وجہ سے جہالت کے غاروں میں ہیں اور مافی الضمیر
ادا کرنیکے میں دشواریاں سامنا ہوتا ہے خدا مجھے امید ہے کہ اس
زبان کو داخلی نصاب بنا کر اپنا قوم کی اکثر افراد کو تعلیم یافتہ بنائیں
اسلئے کہ رونگیا زبان کے الگ رسم الخط کو ہم سب نے متفقہ طور پر اپنا
قومی رسم الخط تسلیم کر لیا ہے فقط

دستخط صدر کمیٹی

احقر [illegible]
21/2/88

پاکستان
مسجد اقصیٰ و مدرسہ رحمانیہ احسن العلوم
علی اکبر شاہ گوٹھ حلقہ نمبر ۲۳ کورنگی کریک کراچی نمبر ۲۰



نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم

یہ بات واضح ہے کہ مختلف زبانیں مختلف قبائل مختلف علاقے یہ بھی خداوند قدوس کی نشان قدرت میں سے ہے عادت اللہ یوں ہی کائنات میں اس طرح ہے کہ ہدایت کیلئے علاقائی زبان کو ہر دور میں اہمیت دی گئی ہے چنانچہ ہر نبی کو اسی بنا پر علاقائی افراد میں سے منتخب فرمائے ہیں اور ہر نبی کو ہدایت کیلئے جو بھی فارمولا اور منشور بطور کتاب یا بطور صحائف دئے گئے علاقائی زبان پر دئے گئے ہیں اس سے افہام و تفہیم میں بامقصد نتائج برآمد ہو سکتا ہے ورنہ نہیں بنا بریں دور حاضر میں یہ بات ظاہر ہے جس علاقے کی زبانیں دنیا سے جتنی منتقل ہوتی گئیں اس زبان کے بولنے والے اتنی فائدہ حاصل کرنے والے ہوتے جا رہے ہیں چاٹگام سے ارکان تک کے باشندے ایک خاص زبان کے بولنے والے ہیں جسکا کوئی رسم الخط نہیں ہے حالانکہ میں محترم مولانا محمد حنیف صاحب اور دیگر رفقاء کار ملک کا نہ غور و فکر کے بعد اس علاقے کی زبان کیلئے ایک رسم الخط کا ایجاد کیا ہے جو ہر زبان سے ممتاز ہے اگر یہ رسم الخط اس علاقے میں شائع ہو جائے امید ہے ان پڑھ عوام کو بھی دینی معلومات حاصل کرنے میں بڑی سہولت ہوگی اللہ تعالیٰ اس رسم الخط کو چار چاند لگا کر انعام سے نوازیں آمین

مسجد و مدرسہ قرآنیہ محمد آباد کالونی لانڈھی کراچی نمبر ۳۰ پاکستان

احقر نجم الحق عفی عنہ

جماعة

من علماء وفضلاء

اركان بورما

تقريظ الشيخ حبيب الله البرماوي والشيخ محمد اسماعيل مظاهري المؤقران

بسم الله الرحمن الرحيم

الحمد لله رب العالمين والصلوة والسلام على أشرف المرسلين وعلى آله وأصحابه أجمعين -
وبعد فإنه يسرني إن الله عز وجل شرفني بحج بيته الحرام لعام الف واربعمائة وثلاثة
بعد ان شرفني سبحانه من قبل بضعة وعشرين حجة فحين دخلت المسجد [illegible] لتعداد الحج
يوم الأحد الموافق أحد عشر ذي الحجة بعد الظهر لقيني بعض أحد من العلماء
وأراني الحروف الهجائية بلسان روهنجيا =
فقرأ على الحروف الهجائية المذكورة، فأمعنت النظر فيها وقرأ علي بعض القصص
باللسان المذكور فأعجبني وسررت بذلك، وأخبرني انه جاء نفير من الأفاضل من علماء
روهنجيا بعد ما بذلوا قصارى جهودهم لإيجاد هذه الحروف وقضوا في تعيينها
بضعة أشهر، فأسأل الله عز وجل أن يوفقهم حسن توفيقه لتكميل
هذا الأمل المنشود ورجائي من أهالي روهنجيا بعد ما أن يضحوا أنفسهم
ونفيسهم في إشاعة لسانهم طباعة وقراءة وكتابة وتعليما
وتعلما وأسأل الله على التقدير أن يوفقهم حسن توفيقه لنشر
هذا اللسان فإنه سبحانه خير مأمول وأكرم مسئول

كتبه: سراج الحق حبيب الله البرماوي عضو الهيئة
في الحرم النبوي الشريف

سراج الحق حبيب الله البرماوي عضو الهيئة في الحرم النبوي الشريف

الحمد لله رب العالمين والصلوة والسلام على خير خلقه محمد وعلى آله وصحبه
أجمعين. وبعد إن ما كتبه الشيخ سراج الحق برماوي نحن
للسان روهنجيا قد سررت بذلك أسأل الله القدير
أن يوفقهم بما يحبه الله ويرضاه = محمد إسماعيل مظاهري
إنه سميع مجيب =
برماوي مهاجر مكي ٢٢/٢/١٤٠٤

تقریظ حضرت الحاج مولانا محمد صالح صاحب یونسخنگی مقیم المدینۃ المنورۃ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

صنیع وجیز محکم فی المقاصد ،، جدیر ثمین جامع للفوائد

حریٌّ بان یولی جدیر فانہ ،، مفید معین سیّما للعائد

ترتیبہ اعلیٰ واحریٰ جمیعا ،، نقوشہ اقویٰ واطوی الموارد ما

الحمد للہ الذی بیدہ ازمۃ نظام العالمین فی کل قرن من القرون بوسیلۃ العالمین وصلی اللہ تعالیٰ علی من قال العلماء ورثۃ الانبیاء والمرسلین وعلی آلہ وجندہ الذین ھم ھداۃ المسلمین

امابعد - الا یا احزاب القاصی والادانی من سکان الارکان علیکم السلام منا ومن الرحمٰن کنتم خاسرین وسافلین عند اقوام العلمین فی مذاھب الاحتجاج عند الفاقدین فی وطنکم من حق الفاظ لسانکم زمنا طویلا ودھرا مدیدا لان ما کانت لالفاظ لسانکم کتابۃ مخصوصۃ ممیزۃ لعدم رسوم الخطوط فی حیز الخارج علی النھج الساذج من شہاہیرکم المرجوۃ وثائکم المشہورۃ والمعروفۃ ولبعضھم کان التفت الیھا وما ظفر فوھا ولبعضھم قد اجتھد فیھا وما فازبھا ومن المعلومات ظاھر ان لکل قوم الفاظ لسان ولکل الفاظ لسان لباس کتابۃ وثیاب کرامۃ موضوعۃ من اسلافھم المرحومۃ ونسلکم المعروفۃ ومضت ھذہ المدۃ الحالۃ والمدامۃ علینا فی معیشۃ وطننا - قاب مدۃ موت شریر علیہ الصلاۃ والسلام

وعلیکم الانتباہ والسلام والاکرام لقد جاءکم ولنا من اللہ تعالیٰ من عظیم وکرم کریم فبشریٰ لکم وطوبیٰ لکم فان ابن وطنکم الحنیف الظریف الظریف عزیزی العریف الشریف المولوی محمد حنیف واخوانہ قد وضعوا لکم رسوم الخطوط فی حق الفاظ لسانکم علی نھج عدیم المثال وعلی طریق فرید المثال فکل من اساتذۃ الارکان ومشائخ البیان والتبیان قد احبوا صنعتہ المسعودۃ والمحمودۃ باللسان والجنان واثنوا کلھم علی من جعلہ بامضائھم البنان واعطوا لہ علی ذالک المن ظراح التحسین بالمدح للبین فعلیکم قبولھا وایجابھا وتعلیمھا یافرسان الارکان ومشاھیر البلدان من غیر ریب ونکال لانھا من حجج العوز والکمال وانھا جامعۃ للمحقاحقا ومالعدعن علوا رحھا علی وجہ غالب ونمط ثاقب واللہ علی ما نرت بہ نصیر وعلی قلوب المخترع واخوانہ بصیر ،،

فاذا اجبت مع التقدم فاننی ،، ارجو التشبہ بالذین اجابوا

فقط

بقلم حبال الھند الدکرو

من علماء قبل الوطن وعلمائہ
الحاج محمد صالح غفرلہ ولوالدیہ
١٤٠٦ھ

تقریظ سند العلماء، وجہ الفضلاء، المفتی الاعظم لدیار اراکان الشیخ سلطان احمد الموقر شیخ دار العلوم میانجانغو ر سابقا بلی بازار، منغدو، اراکان بورما۔ دامت برکاتہم

بسم اللہ الرحمن الرحیم ٥

الحمد للہ وکفی وسلام علی عبادہ الذین اصطفی ۔ اما بعد

یہ بات بالکل ظاہر ہے کہ کسی بھی قوم اور قومیت کی بقا بغیر اسکے متصور نہیں ہوسکتی کہ اسکی تاریخ اور زبان کی حفاظت کیجائے، اور وسائل حفظ زبان میں سب سے بڑا وسیلہ یہ ہے کہ اسکا رسم الخط ایجاد کیا جائے اور اسمیں اس زبان کی لغات ولہجات کو محفوظ کرلیا جائے ۔ اسیطرح عوامی سطح سے جہالت کو رفع کرنے اور ناخواندگی کا ازالہ کیلئے یہ ضروری ہوتا ہے کہ ابنائے قوم کو انکی اپنی مادری زبان میں عقل و دانش اور علم و ہنر سیکھنے کا موقع میسر آجائے

لیکن یہ موقع اسوقت ہاتھ آتا ہے کہ جب اسکے اپنے رسم الخط میں علوم و فنون کو منتقل کیا جائے، اور اسمیں ہر فن کی کتابیں لکھیں جائیں اور انکی تعلیم و تعلم کو خوب فروغ اور رائج کیا جائے ۔

بنا بریں میں ہماری زبان کے اس ممتاز رسم الخط کی ترویج و اشاعت اور تعلیم و تعلم کو از حد ضروری اور مفید سمجھتا ہوں اور ان چیزوں کو پوری قوم پر واجب قرار دیتا ہوں اور مشورہ دیتا ہوں کہ خلاف و اختلاف انتشار و افتراق سے بالکل دور رہکر قومی حیات کی تعمیر کی راہ ہموار کرنیکی کوشش کریں اللہ ہم سب کو اختلاف کی نحوست سے بچائے ۔ امین بقلم محمد الیاس

العبد سلطان بن امین شیخ دار العلوم میانجانغو

یکم محرم الحرام ۱۴۰۵ھ

تقریظ راس الاتقیاء وصفوۃ الاذکیاء بحر العلوم حضرۃ العلامۃ الشیخ عبدالسبحان دیوبندی المؤقر شیخ الحدیث سابقا بدار العلوم میاں نخافور واشرف العلوم نور اللہ مارہ وشیخ الحدیث بمدرسۃ اودنغ

نحمدہ و نصلی و نسلم

زمانہ جدید زندگی کے مقامات روز روشن کی طرح ظاہر ہو گئی کہ قوم بحیثیت قوم کبھی زندہ نہیں رہ سکتی جب تک کہ اس کیلئے مستقل ایک قومی زبان نہ ہو اور اس زبان کی بذریعہ تحریر و تقریر اشاعت نہ کی جائے اور اس زبان کے تحفظ کیلئے گرامر نقش تحریر حروف کے قواعد مدون نہ کئے جائیں اور اس کی تحسین کیلئے قواعد تجوید وضع نہ کئے جائیں جس کے اثر کسی قوم کو سلطنت اور حکومت ملتی تو اپنی زبان اور علم و فن میں محو ہو کر اپنی قومی زبان کو رواج دیا جاتا ہے۔ تاریخ شاہد ہے کہ دنیا کی ہر زندہ قوم اپنی زبان کی بحیثیت سے اس کی خدمت کرتا رہا ہے اور کرتا جا رہا ہے ہمارا [illegible] علیحدہ قومی [illegible] ہو ایک بہت بڑا المیہ ہے کہ ہماری زبان کی لغات اور تحریر نہیں ہوتی۔ اس کیلئے نہ قاعدہ حروف تہجی اور رسم الخط کیا تھا کہ علم مدون نہیں ہے۔ اسی وجہ سے اپنی زبان کو رواج دیا جاتا ہے اور [illegible] روز بروز انحطاط میں [illegible] کیلئے دوسری زبانوں سے [illegible] ہنستا ہے۔ [illegible] نتیجے میں بہت سی [illegible] مروجہ زبانوں میں مستعمل [illegible] سے الفاظ [illegible] لغات [illegible] اور فصاحت و بلاغت سے خود بخود [illegible] مقتضائے حال [illegible] منزل کا [illegible] ہو جاتا ہے [illegible] لغات [illegible] مطلب [illegible] ہو سکتا ہے۔ [illegible] نتیجہ ظاہر ہے کہ معاشرہ [illegible] اضلال اور بدگمانیاں پیدا ہو رہی ہیں۔

جن کی حیثیت فروعی یا اجتہادی مسائل کی ہے [illegible] اور [illegible]

بعد بیسویں صدی [illegible] عمل میں لائی گئی [illegible] زمانے کا جو خدمت انجام دیا [illegible]

اس میں حد درجہ مبالغہ کیا گیا ہے [illegible] یہ ضرورت [illegible] ایک وقت [illegible]

ہے۔ تاہم میں یہ نہیں کہتا کہ جو کچھ ہوا وہ حرف آخر ہے اور مستقل ہے بلکہ

ہر زمانے کی ضروریات کی خاطر محسوس کی گئی ہیں۔ [illegible] نظریہ [illegible]

کہ یہ مشورہ وقت کی ضرورت ہے۔ جہاں تک ہمارے عقیدہ کا تعلق ہے

تو وہ حقیقت میں شریعت اسلامیہ سے محفوظ ہے علاوہ ازیں کوئی عالم

دین [illegible] اضافہ ترمیم اور تبدیلی و تنسیخ [illegible]

ہر حال یہ ایک مسئلہ بنا رہے [illegible] تعمیر و تکمیل [illegible]

[illegible] ہمارے اپنے [illegible] نقطۂ اختلاف [illegible]

مشوروں سے [illegible] نقطہ [illegible] دیکھ کر [illegible]

کہ ایک [illegible]

اور ایک ایسے [illegible]

دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ہماری [illegible] کو تمام [illegible] اتحاد

اور اتفاق کا ذریعہ بنائے۔ آمین [illegible] آمین

محمد [illegible]

شیخ الحدیث اشرف العلوم [illegible]

تقریظ جامع المعقول والمنقول الشیخ السید الامین الموقر شیخ الحدیث بمدرسہ محمدیہ [illegible]

بسم اللہ الرحمن الرحیم

[illegible] خلق الانسان وعلمہ البیان

واختلاف السنتکم والوانکم ان فی ذلک لآیات للعالمین

للہ الحمد ہر آن چیز کہ خاطر میخواست، آخر آمد ز پس پردۂ تقدیر پدید

آج کل یہ ایک واضح حقیقت ہے کہ کسی قوم کی بقاء، عروج وارتقاء اعزاز واقبال ایک مشخص قومی اور امتیازی ملی کی بقاء پر موقوف ہوتا ہے جو کوئی قوم اپنے مشخص وامتیازی شان کی حفاظت نہیں کرسکتی وہ دوسری قوموں میں مدغم ہو کر آہستہ آہستہ صفحہ ہستی سے مٹ جاتا ہے جس کا تاریخی ثبوت ہیں، مصر وشام اور سوڈان وغیرہ کی قدیم اقوام کی تاریخ میں مل سکتی ہیں یہی وجہ ہے کہ زندہ دل قوم کے مذہبی پیشوا، اور افضل راہنما کوشش کرتے ہیں اپنی قوم کی امتیازی حیثیات اور مذہبی شعائر کو برقرار رکھنے اور نسب رکھنے کیلئے انسانی جذبات کو اس قدر ابھارا کہ انکے خاطر جان ومال کی قربانی معمولی و آسان محسوس ہونے لگے اور انکے تحفظ کریں، اسے صاف ستھرے اصول اور مستحکم قواعد بنائے جنکے ثمرات ونتائج سے نکلے کہ ہر قوم نے اپنے تشخصات اور مذہبی شعائر کی عظمت واحترام ایک عقیدہ بنا لیا یہاں تک کہ اکثر ادیان عالم اور مذاہب اقوام کو غور سے دیکھا جائے تو انکی حیثیت رسمی ہے جو حقیقتاً نظریاتی کم ہو اپنا تشخصات کا ایک ایک موثر تدبیر ہے شریعت اسلامیہ نے بھی اس مسئلہ پر زور دیا ہے کہ تشبہ و تشخصات

جسکو قوموں نے اپنے لئے تسلیم کر لیا وہی رسم الخط کہلانے کا مستحق
ہو جاتا ہے، خدا معلوم یہ ان حضرات کو یہ کہاں سے معلوم ہوا کہ اگر
قوم کی زبان کا رسم الخط رسمی یعنی جلی زبان کے رسم الخط کے موافق
ہونا ضروری ہے حالانکہ تاریخ کے صفحات میں اسکے خلاف
ہزاروں مثالیں ملتی ہیں اور نہ اس پر کوئی عقلی دلیل قائم
کیا ایسے نکرنے سے کوئی عقلی استحالہ یا شرعی قباحت لازم آتی
ہے ہم ہرگز نہیں ہمارے پاس اسکے خلاف ہزاروں کتابوں میں
شاہد موجود ہیں جسکی تفصیل کیلئے یہ صفحات متحمل نہیں
رسم الخط کو اصطلاحی تسلیم کر لینے کے بعد تاریخی شواہد کے
استدلال کی کوئی وقعت نہیں رہتی بلکہ از خود مخدوش
ہو جاتا ہے کیونکہ ایسے حقائق میں تبدیلی و تغیر کا تاریخ
انکار مانع نہیں حتیٰ کہ خود عربی کا رسم الخط سرور کائنات
علیہ الصلوٰۃ والسلام کے زمانہ سے مختلف رہا اور اسکے کیا معنی
اصطلاح نہ کہا جائے کہ اب ہم دیکھتے ہیں علماء السنۃ کی کتب
مطالعہ کرنے والے جانتے ہیں کہ دنیا میں ایسا رسم الخط بہت
کم ہے جو تبدیلی و تغیر کا شکار نہ ہوا ہو بلکہ
وقت اور پہلوؤں سے جسکو نقل کیا جاتا ہے رسم الخط فوراً
اس قالب میں جلوہ گر ہو جاتا ہے اسکی میں ڈالتا ہے
مثالیں ہم سب مسلم اور ہندی کتابوں کا مشاہدہ کر رہے ہیں

~~قومی بھائی کوئی جو ہر وقت ہمارا رخ کسی کو یہ ختم کرتا ہے کوئی انکی~~
تو ہمیں نصیب اور ہمی حضرات نے سنی ہیں اگر آپ خدمت میں
رہنما ثابت ہوئے انکو دین و دنیوی اعتبار سے عنایت کرے اور انکی
سعی کو مشکور بنائے، جنہیں ہمارا خدمت ایسے ہماری انعام
عطا کرے دونوں جہان میں نوازے آمین یا مجیب السائلین
و آخر دعوانا ان الحمد للہ رب العالمین

العبد الضعیف ... عفی اللہ عنہ و عن والدیہ
خادم المدرسۃ المحمدیہ ...
... رجب ۱۴۰۵ھ

تقریظ حضرت مولانا سعید الرحمن صاحب
محدث مدرسہ محمدیہ ...

تقریظ علامۃ الزمان فائق الاقران المفتی الشیخ محمد حسین کیوکتوی المؤقر مدیر الجامعۃ العربیۃ تکمیل العلوم والفنون الاسلامیۃ عملا فارہ مرکز اراکان اکیاب، بورما دامت برکاتہم

حامداً ومصلیاً۔ اما بعد تاریخ شاہد ہے کہ جس قوم کی زبان اور رسم الخط نہ ہو وہ دنیا پر بوجھ ثابت ہوتا ہے اور ان کا نام ونشان صفحۂ ہستی سے حرف غلط کی طرح مٹ جاتا ہے اسلئے خطۂ اراکان کے رحمہم اور روہنگیا قوم کے علماء و زعماء اسکو عرصہ سے احساس کرتے رہے مگر رسم الخط کا ایجاد وجود میں نہ لا سکے صرف بعض احباب دوسرے رسم الخط میں اپنی زبان کو لانے کی سعی کرتے رہے۔ آج ۱۱ محرم الحرام ۱۴۰۴ھ کو عدہ میں مولانا محمد حنیف اور مولانا نور السلام صاحبان نے روہنگیا زبان کے رسم الخط کا ایک کتابچہ پیش فرمایا۔ دیکھکر بڑی مسرت ہوئی اور مفید دیکھا ضرورت ہے اسکو عام اور مشق کرائے جائے میں اس کتاب کے دل سے حامی ہوں اور رہونگا اور اسکو رواج دینے کیلئے میں برما اور اراکان میں کوشش کرونگا فقط۔
کتبہ

بندہ محمد حسین عفا اللہ عنہ خادم جامعہ عربیہ
تکمیل العلوم والفنون الاسلامیہ۔
مرکز اراکان اکیاب برما

تقریظ علامۃ الزمان فائق الاقران المفتی الشیخ محمد حسین کیوکتوی المؤقر مدیر الجامعۃ العربیۃ تکمیل العلوم والفنون الاسلامیۃ علاقۂ فارہ مرکز اراکان اکیاب ' بورما دامت برکاتہم

حامداً و مصلیاً۔ اما بعد تاریخ شاہد ہے کہ جس قوم کی زبان اور رسم الخط نہ ہو وہ دنیا سے بحیثیت قوم نابود ہو جاتا ہے اور ان کا نام و نشان صفحۂ ہستی سے حرف غلط کی طرح مٹ جاتا ہے اسلئے خطۂ اراکان کے مرحوم بزرگوں نے روہنگیا قوم کے علماء و زعماء اسکو عرصہ سے احساس کرتے رہے مگر رسم الخط کا ایجاد وجود میں نہ لاسکے صرف بعض احباب دوسرے رسم الخط میں اپنی زبان کو لانیکی سعی کرتے رہے۔ آج ۱۱ محرم الحرام ۱۴۰۴ھ کو جدہ میں مولانا محمد حنیف اور مولانا نور العالم صاحبان نے روہنگیا زبان کے رسم الخط کا ایک کتابچہ پیش فرمائے۔ دیکھکر بڑی مسرت ہوئی اور مفید دیکھا ضرورت ہے اسکو عام اور مشق کرائے جائے میں اس کتاب کے دل سے حامی ہوں اور رہونگا اور اسکو رواج دینے کیلئے میں برما اور اراکان میں کوشش کرونگا فقط

کتبہ

بندہ محمد حسین عفا اللہ عنہ خادم جامعہ عربیہ
تکمیل العلوم والفنون الاسلامیہ
مرکز اراکان اکیاب برما

تقریظ جامع المعقول والمنقول حضرۃ العلامۃ الشیخ عبد الوہاب المؤقر دامت برکاتہم شیخ الحدیث بالجامعۃ شقدار فارہ منغدو اراکان

باسمہ تعالیٰ۔

حامداً ومصلیاً ومسلماً اما بعد کہ یہ بات مسلّم ہے کہ ہر قوم کی عزت و وقار اپنی مادری زبان اور بول چال ہر ملک میں شائع و ذائع ہونے پر ہے۔ جس طرح کہ زبان انگریزی وغیرہ اور زبان و بول چال شائع ہونے کا طریقہ صرف تعلیم و تعلم پر منحصر ہے۔ اور زبان بدون کتابی شکل کس طرح تعلیم و تعلم ممکن ہوگی۔ ہمارے افسوس اور بہوش میں کوئی شخص اپنی توجہ مبذول فرمائے۔ اللہ تعالیٰ کا لاکھ لاکھ شکر ہے کہ عزیز القدر محترم مولوی محمد حنیف مد سلمہ ربہ اپنی قوم کی حال ابتر اور ملک کی ناگفتہ بہ کیف احساس کرتے ہوئے بشاش و خوش حال سے نہایت تفکر و تدبر کے منہمک ہوکر بحمدہ تعالیٰ اپنی مادری زبان کو کتابی شکل لانے کا نیز اہتمام ہوا۔ اور مدتہ ظہور ہے زبان مذکور جلوہ افروز ہوا۔ ملک کے ہر طبقہ باشندے ہر وقت کوشاں رہیں کہ ہمیشہ اس زبان کو تعلیم و تعلم جاری رکھ کر شائع کریں۔ میرا بیچمدان ہمیشہ دعا کرتا ہے کہ اللہ تعالیٰ اپنی رحمت کاملہ سے اس اسباب اشاعت پیدا کردے اور ملک کے باشندوں کے دل میں تعلیم و تعلم کی اہمیت و عظمت الہام کردے۔ اور مؤلف صاحب کی جانفشانی اور کوشش کو قبول کرے۔

فقط والسلام

بندۂ ہیچمدان محمد عبد الوہاب عفی عنہ

خادم مدرسہ اشرف العلوم نور اللہ نگر کرد

۱۴۰۵ھ

تقریظ استاذ الاساتذہ حضرۃ العلامۃ الشیخ نجم الدین الموقر صدر المدرسین سابقاً بالمدرسۃ اشرف العلوم نور اللہ مارہ دامت برکاتہم العالیۃ

الحمد للہ آج میری برسوں کی تمنا پوری ہوئی۔ وقت کا تقاضا بھی پورا ہوا
عزیز محترم مولانا محمد حنیف سلمہ کو تہہ دل سے دعا دیتا ہوں۔ کہ پوری بستی حقوق کی
رہنمائی کا یہ رسالہ اللہ رب العزت کے یہاں مقبولیت ملے۔ یہاں کے تمام مسلم باشندوں پر
ضروری ہے کہ دعا میں و خیالی وہمی ذہنوں سے دور رکھو تو تکمیل تک پہنچا دیں
فقط والسلام

دعا گو
نجم الدین غفرلہ خادم علم مدرسہ اشرف العلوم

تقریظ شمس العلماء حضرة العلامة الشیخ القاری بدر الاسلام المؤقر دامت برکاتہم

حامدا و مصلیا و مسلما اما بعد

مولانا محمد حنیف صاحب نے رو حالخط زبان کے متعلق کچھ لکھنے کی فرمائش کی لیکن بوجہ مرض و ضعف دماغ کچھ لکھنے کی ہمت نہ ہوئی مولانا عبد السبحان صاحب مولانا سعید الدین صاحب کی تحریرات پڑھوا کر سنیں وہ پسند آئیں چنانچہ انہیں کی تحریرات پر اعتماد کرتا ہوا دعا کرتا ہوں اللہ تعالیٰ ان حضرات کی مساعی قبول فرمائے آمین اور احباب کو متوجہ کرتا ہوں کہ اس طرف توجہ فرمائیں کیونکہ جب قوم کی زبان کا کوئی علم نہ ہو وہ قوم مثل مردہ کے ہے، ہر زبان کی ادائیگی کے کچھ خاص طریقے ہوتے ہیں جو بغیر علم کے ادا نہیں ہو پاتے ہیں اسلئے ہر زبان کا رسم الخط بھی الگ الگ ہونا چاہیے،

ہمارے طالب علمی کے زمانے میں مولانا ابراہیم صاحب ختنی کے پاس ہم پڑھتے تھے مولانا ہماری زبان کا ذکر کرتے تھے ایک مرتبہ مجھ سے فرمایا کہ تمہاری زبان کو ہم کس طرح فرق کریں؟ کھانا کا جو برتن ہے اس کو بھی شن کہا جاتا ہے کپڑے دھونے کا جو صابن ہوتا ہے اس کو بھی شن کہا جاتا ہے میں نے کہا ادائیگی کا فرق ہے جو سماع سے تعلق رکھتا ہے لیکن رسم الخط سے اس کی ادائیگی کا فرق واضح ہو جاتا ہے، میں اگرچہ اس رسم الخط سے واقف نہیں ہوں لیکن دو مجموعوں کو بذریعہ ترجمہ دیکھا جنہوں نے پڑھائے لیکن میرا اور واضح ہو گیا کہ یہ فرق اس رسم الخط سے ہی واضح ہو جاتا تھا، اور دل میں خوشی حاصل ہوئی، اگر کسی صاحب کو شبہ ہو تو وہ بھی اس کا امتحان لے

اور کسی رسم الخط کا رسم خط قرآن و حدیث سے مطابق ہونا کوئی ضروری امر نہیں ہے کیونکہ ہمارے علم میں اس کے متعلق کوئی نص موجود نہیں اور خود عربی رسم الخط میں بھی کافی اختلاف ہے مثلا خط عثمانی خط دیوانی وغیرہ لیکن ہمارے لئے کیوں ضروری ہو کہ ہمارا خط خط قرآنی کے مشابہ ہو؟

فقط

احقر عبد اللہ بدر الاسلام المؤقر غفرلہ

نزیل مکہ مکرمہ

۱۸ ذی الحجہ ۱۴۰۵ھ

تقریظ محمود الاقران حضرة العلامة محمد سلطان المؤقر استاذ الحدیث بمدرسة اشرف العلوم نور اللہ نارہ منگدو اراکان، بورما دامت برکاتہم

الحمد للہ رب العالمین والصلوۃ والسلام علی سید الاولین والآخرین

امابعد سعودی عرب کے دوران سفر میں بعض اہل علم و فضل سے میری ملاقات ہوئی جنہوں نے مجھے ایک اردو بنگلہ زبان کی ایک کتاب جس کی ضرورت زمانۂ دراز سے محسوس کی جا رہی تھی موجود پایا اور جستہ جستہ پڑھ کر بھی سنائے جو بے انتہا باعث مسرت ہوا واقعی انہوں نے مدت کی خامی کو درجہ تکمیل تک پہنچا دیا ہے۔ آپ کی وطنی اور ملکی کاوشوں پر ضروری ہے کہ اس کی رواج و ترویج کی کوشش اور بکثرت [illegible] خصوصاً اہل مدارس داخل نصاب غور کر اپنے بچوں اور بچیوں کو سکھائیں۔ اخیر میں دعا ہے کہ اللہ تعالی بہت جلد اس کو شائع کرے اور مقبول عام فرمادے اور موجودہ و مقربین کو اجر الجزیل عنایت کرے

احقر الزمان محمد سلطان عفی عنہ المنان
خادم سابق مدرسہ مرکزیہ جامعہ
اشرف العلوم نور اللہ نارہ
منگدو اراکان برما

تقریظ العلامۃ الشیخ محمد حسین مرانغلوی مہاجر مدنی فاضل مظاہر العلوم سہارنپور و مدیر مدرسہ دار العلوم مرانغلو دامت برکاتہم

خدا تعالیٰ کا فرمان ہے ومن آیاتہ خلق السموات والارض واختلاف السنتکم والوانکم ان فی ذلک لآیات للعالمین۔ صدق اللہ العظیم۔

میں اللہ تعالیٰ کا بیحد شکریہ ادا کرتا ہوں کہ طویل مدت کے بعد اس کا اپنے احسان وکرم سے ہمارے روہنگیا قوم کی مادری زبان کو لکھنے پڑھنے کا موقع ملتا ہے ... روہنگیا قوم ایک الگ قوم ہے اسکی لغت بھی الگ ہے لہذا میں ضروری سمجھتا ہوں کہ اس کا رسم الخط بھی الگ ہو تاکہ یہ بھی ایک مستقل لغت [illegible] بھی اختیار کیا ہے ... بنا بریں میں اس روہنگیا رسم الخط کو [illegible] تسلیم کرتے ہوئے اسکی حمایت کرتا ہوں [illegible] روہنگیا [illegible] خدمات [illegible] ہمارے پوری قوم کے ہر فرد کو [illegible] ... اس رسم الخط کی خدمات میں [illegible] اور اختلافات سے دور رہے کیونکہ اس جیسی [illegible] اختلافات کرنا نقصان [illegible] عظیم کا [illegible] روہنگیا قوم [illegible] نئے اراکین کی ہر ممکن [illegible] کریں۔ اور [illegible] کریں۔

محمد حسین
العبد
۱۴۰۶/۲/۲ھ یوم [illegible]

مولانا محمد حسین مرانغلوی۔
فاضل مظاہر العلوم سہارنپور
سابق مہتمم مدرسہ دار العلوم مرانغلو، مقیم حال المدینۃ

تقریظ العلامۃ الشیخ محمد ظفر علی المؤقر فاضل دار العلوم دیوبند صدر المدرسین بمدرسۃ عزیزیہ قاسم العلوم کیانبغ

الحمد للہ وکفی وسلام علی عبادہ الذین اصطفی

اما بعد! ہماری زبان کا کوئی علم موجود نہیں تھا جو ہماری قوم زندہ در گور کا مصداق بنی ہوئی ہیں۔ روہنگیا زبانی علم کا تشوق موجود ہونے سے کوششیں کرتا آ رہا تھا لیکن کوئی موجد روہنگیا زبانی علم کا کامیاب نہیں ہو سکا مگر اب رحمت خداوند قدوس شامل حال ہوا کہ مولانا محمد حنیف کے ذریعہ زبانی علم نافذ ہوگئی زندہ در گور قوم کو روشنی کے لئے [illegible] ماشاء اللہ مولانا موصوف نے روہنگیا زبانی علم کے حروف تہجی مقرر کر کے زبانی علم ایجاد کر گئے ہیں ہر کس و ناکس کو دل خواہاں پسند مجھے بھی لغات پسند آیا۔ لہذا عرض کرتا ہوں کہ ارکان کے تمام مرد و زن کو اس روہنگیا زبان کا علم پڑھنا لکھنا اور سکھوانا [illegible]

فقط والسلام


العارض محمد ظفر علی

[illegible]

فاضل دار العلوم دیوبند و صدر المدرسین مدرسہ عزیزیہ قاسم العلوم کیانبغ

خادم مدرسہ

۲۶/۱۲/۱۴۰۵ھ



تقریظ العلامۃ الشیخ محمد حسین المؤقر برسروی فاضل دار العلوم میرٹھ انڈیا مقیم حال مدینہ منورہ دامت برکاتہم

۲۳/ محرم الحرام ۱۴۰۶ھ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم

ہم اللہ تعالی کا اس پر شکریہ ادا کرتے ہیں کہ ہماری مادری زبان
تعلیم وتعلم کا موقع فراہم کیا ہے تو اس لحاظ سے کہ ہم روہنگیا قوم ایک الگ قوم
اپنی قومی زبان کی رسم الخط کو علیحدہ بنانا پسند کرتے ہیں
بنا بریں ہم اس روہنگیا رسم الخط کو قومی رسم الخط تسلیم کرتے ہیں
اور اسکی حمایت کو قومی فریضہ قرار دیتے ہیں اور اسکی مخالفت کو
ناجائز اور مفاد قومی کے خلاف سمجھتے ہیں اور تمام افراد قومی کو
مشورہ دیتے ہیں کہ حسب قدرت اسکی اشاعت میں دریغ نہ کریں
اور اسکے ترویج کیلئے ہر ممکن کوشش کریں

فقط

احقر محمد حسین البرسوی المدنی

فاضل دار العلوم میرٹھ انڈیا

تقریظ العلامة الشیخ عبدالجبار المؤقر الاستاذ الاعلیٰ بمدرسة محمدیه فرامفور منغلاجي دامت برکاتهم

حامداً ومصلیاً ومسلماً

ہمارے یہاں کے ادارے سے تمنا ہے کہ اردو بنگالی قوم کی مسلم تحریک

جو زبان تحریری شکل میں پیش ہے اس قوم کو

دینی و دنیاوی جان بخشے۔ الحمد للہ کا شکر ہے کہ ہمارے عزیز

حضرت محمد حنیف صاحب مفتی نے اپنی خدمت کو پر

حروف بھی ایجاد کر کے محنت تسلی کے ساتھ ظہور میں لایا

اللہ تعالیٰ حضرت کو جزائے خیر دے اور بنگالی قوم سے

میری التجا ہے کہ استفادہ و فکری اختلافات کو دور کر کے

عام و خاص متوجہ فرما کر اپنے سخن فہمی کو تشہیر و اشاعت کی

کوشش کرے ورنہ یہ کتاب محض کتابی حد تک ہی رہے گا۔

احقر الوریٰ عبدالجبار عفی عنہ

خادم مدرسہ محمدیہ دارالعلوم منغلاجی

۵ رجب المرجب ۱۴۲۱ھ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

تقریظ العلامۃ الشیخ احمد اللہ المؤقر رامپوری بیلوی مقیم حال مکۃ مکرمۃ دامت برکاتہ

الحمد للہ وکفی وسلام علی عبادہ الذین اصطفی ... اما بعد

فقد قال اللہ تعالی دد ومن آیاتہ خلق السموات والأرض واختلاف السنتکم والوانکم إن فی ذلک لآیات للعالمین ؂ صدق اللہ العظیم

ہم اللہ تعالی کا بیحد شکریہ ادا کرتے ہیں کہ مدتہائے دراز کے بعد اس نے محض اپنے لطف وکرم سے ہماری روہنگیا قوم کی مادری زبان کو لکھنے پڑھنے کا موقع فراہم کیا ہے۔

واقعی روہنگیا قوم ایک الگ قوم ہے اسکی زبان بھی الگ ہے لھذا ہم ضروری سمجھتے ہیں کہ اسکا رسم الخط بھی الگ ہو۔ تاکہ یہ اسکے استقلال کی نشاندھی کر سکے۔

بنا بریں ہم اس روہنگیا رسم الخط کو قومی رسم الخط تسلیم کرتے ہیں اور اسکی حمایت کرتے ہیں۔

ہم جسطرح اسکی خدمات کو اپنے اوپر ضروری سمجھتے ہیں اسیطرح ہمارے قوم کے ہر فرد کو مشورہ دیتے ہیں کہ جس قدر ہو سکے اس رسم الخط کی خدمت میں کوتاہی نہ کرے اور اسکی ترقی کے لئے ہر ممکن کوشش کرتے رہے۔

وآخر دعوانا أن الحمد للہ رب العالمین. بفضلہ سبحانہ الحی فضل اللہ

الأفقر احمد اللہ بن الشیخ سراج الحق — محمد الیاس بن الحاج ابو الخیر — فاضل دار العلوم دیوبند

مبلغ نور العالم طیب مولوی محمد مقبول احمد جمشنگ کاونری — فاضل جامعہ اسلامیہ پٹیہ ۔ سابق استاذ الحدیث دار العلوم میانجی نور ملی بازار منگڈو

٢٧/١٢/١٤٠٥ھ

(٢) احقر العبد نور بشیر سراج الحق — فاضل امروھہ ۔ سابق صدر المدرسین

مدرسہ شاہ طلاء ...

تقریظ العلامة الشیخ ابو ریحان ولایت حسین المؤقر دامت برکاتہم العالیة

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الحمد للہ رب العالمین. والصلوٰة والسلام علی اشرف المرسلین وعلی آلہ واصحابہ اجمعین وعلی من تبعہم باحسان الی یوم الدین. اما بعد فانی ابو ریحان عفا اللہ الرحمان المعروف بعبد الغفار بولایت حسین. ادعو اللہ تعالیٰ ان یوفق [illegible] لما فیہ خیر العاجلة والآجلة. وان [illegible] لتفتح [illegible] من الصالحات [illegible] الملة [illegible] فینتفع [illegible] حتی یکونوا ناجحین فیما یحاولون انہ سمیع مجیب

ولایت حسین [illegible]

ابو ریحان الازہری عفا عنہ الرحمان

[illegible] وعن سائر المسلمین

آمین یا رب العالمین

۲۵ رجب ۱۴۱۷ھ

تقریظ العلامة الشیخ محمود اللہ المؤقر شاہ کمبوی صدر المدرسین بمدرسہ [illegible] کمبو دامت برکاتہم

بسم اللہ الرحمن الرحیم

حامداً ومصلیاً ومسلماً

اما بعد [illegible] بحمد اللہ آج [illegible] ایک نعمت غیر مترقبہ [illegible] خداوند عالم [illegible] شکر [illegible] جناب [illegible] تصنیف [illegible] مسلم قوم کی گردن [illegible] خدمات [illegible] ایک عظیم [illegible] زندہ [illegible] رب العزت [illegible] عمل [illegible] توفیق عطا فرمائے

وما توفیقی الا باللہ احقر محمود اللہ

۱۲ صفر ۱۴۰۶ھ

تقریظ العلامۃ الشیخ سعید عالم المؤقر المدیر السابق بمدرسۃ دار العلوم میا نحانفور بلی بازار منغلہ ڈو، ارکان

بسم اللہ الرحمن الرحیم ۲۵/۱/۱۴۰۶ھ

الحمد للہ رب العلمین والصلوۃ والسلام علی أشرف الانبیاء والمرسلین وعلی آلہ وصحبہ اجمعین


اما بعد! یہ بات بالکل ظاہر ہے کہ تمام بنی نوع انسان اپنی دینی و دنیوی ضرورتوں کو پورا کرنے اور اپنے معاشرے کو قائم رکھنے کیلئے افہام وتفہیم کیطرف محتاج ہوتے ہیں اور افہام وتفہیم زبان ہی سے ہی ہو سکتی ہے۔ اور اس زبان جسکو نظام قدرت کے ماتحت انسان بلا تکلف سیکھ لیتے ہیں وہی ہر ضرورت کیلئے کافی ہو سکتی ہے دوسری کوئی زبان کافی نہیں ہو سکتی۔

انسان کو اللہ تعالی نے مختلف الالوان والالسنۃ پیدا فرمایا ہے اور یہی اختلاف قومیت کی ایک دلیل ہے تو جسطرح انسان کی زبانیں مختلف ہیں اسیطرح انکے رسم الخط بھی مختلف ہونا فطرت الٰہی کا مقتضا معلوم ہوتا ہے۔ بناءً علیہ ہماری قوم کے اہل دانش کا ایک جماعت نے اپنی قوم کی اہمیت کو … کرنے اور اسکو ایک مستقل قومی شان مہیا کرنے کیلئے اسلامی نظام کے موافق مشورہ کے ماتحت اپنی زبان کا الگ رسم الخط ایجاد کیا ہے۔ جسکو ہماری قوم کے اکابر علماء اور مشاہیر فضلاء نے قومی رسم الخط تسلیم کر لیا ہے اور باقاعدہ اسکی تعلیم وتعلم میں حصہ لیا ہے۔ انکی طرح میں بھی اس رسم الخط کو مفید اور از حد ضروری سمجھتا ہوں اور اسکی مخالفت کو پوری قوم کے مفاد کے خلاف سمجھتا ہوں اور اپنی قوم کو بھی یہی مشورہ دیتا ہوں کہ اس رسم الخط کی اشاعت وترویج میں حتی المقدور کوشش کریں اور بے جا اختلاف وانتشار سے پرہیز کریں اور مسلّم چیز کی مخالفت کر کے قومی دشمنی کا الزام اپنے سر پر لینے سے احتراز فرمائیں

وما علینا الا البلاغ

سعید عالم
۲۵ محرم الحرام ۱۴۰۶ھ

محمد سعید عالم
مدیر الجامعۃ الاسلامیۃ
دار العلوم میا نحانفور
بلی بازار منغدو آکیاب برما



تقریظ العلامۃ الشیخ ابوبکر صدیق المؤقر مہاجر مکی دامت برکاتہم العالیہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الحمد للہ وکفی وسلام علی عبادہ الذین اصطفی

اما بعد — زبان قوم کے شعور کی ترجمان ہے جس قوم کی زبان مکتوب نہ ہو لکھی نہ جا سکتی ہو وہ قوم زندہ نہیں رہ سکتی اور اس کی تاریخ بھی گم ہو جاتی ہے بالآخر وہ قوم مدغم ہو کر فنا ہو جاتی ہے بموجب [کل شئی ہر نوبادقاتہ]۔ اللہ پاک نے ہمارے کچھ اہل علم دانشور حضرات کے دلوں میں ڈالا کہ انہوں نے ہماری روہنگیا زبان کو کتابت کی شکل میں قوم کے سامنے پیش کئے جس کے حروف تہجی نئی شکل میں پیش کئے خدا کرے یہ زبان ترقی کر کے دوسری زبان کی طرح ایک اعلیٰ مقام حاصل کرے۔

آمین

فقط والسلام

ہمارے روہنگیا بھائیوں سے درخواست ہے کہ وہ ہماری زبان کو علمی شکل میں لانے کے لئے پوری کوشش کریں گے خود بھی پڑھیں گے دوسروں کو بھی پڑھنے کی ترغیب دیں گے

ابوبکر صدیق مکی

۲۷ ربیع الثانی ۱۴۰۲

تقریظ العلامۃ الشیخ رحمت اللہ المؤقر مہتمم مدرسہ جامعہ اشرفیہ حقانیہ برمی کالونی کراتشی دامت برکاتہم

الحمد للہ وکفی وسلام علی عبادہ الذین اصطفی

اما بعد احقر کو سعودیہ عربیہ کی سفر کی اثنا میں چند اہل علم و دانشور حضرات سے ملاقات کرنے کا اتفاق ہوا جنہوں نے برمی مسلم کے لسانی عقدہ حل کرنے میں غیر معمولی سعی فرمائے ہیں اور بتوفیق اللہ کامیابی سے ہمکنار ہوئے اور مذکورہ زبان کی رسم الخط اور امتیازی شان دیکر بے انتہا دل میں فرحت حاصل ہوئی امید ہے جملہ ملکی بھائی مذکورہ زبان کی ترویج میں دلچسپی لیتے ہوئے کو برمی قوم کو بین الاقوامی عزت بخشینگے اور سعی کنندگان کا حوصلہ افزائی فرمائینگے فقط

احقر الناس رحمت اللہ غفرلہ ولوالدیہ مہتمم مدرسہ جامعہ اشرفیہ برمی کالونی

۱۰/۱/ [illegible] ھ

تقریظ العلامة الشیخ عبد الحق المؤقر صدر المدرسین بمدرسۃ رحمانیہ
صکی بازار اکیاب بورما
۷۸۶
حامداً و مصلیاً

ہماری روہنگیا زبان کی معزز ارباب فہم اشخاص کی خدمت میں
اپیل ہے کہ ہماری روہنگیا زبان کے جو رسم الخط وجود میں آیا ہے
ہر ایک اسکی تعلیم و تربیت اور اشاعت عام کی طرف
توجہ مبذول فرمائے کیونکہ جس قوم کی زبان کتابت و تحریر میں نہیں
آتی اسکی کوئی معقول حیثیت دنیا کے سامنے ثابت نہیں ہو سکتی
اور انکے اندر دینی و دنیوی ضروری معلومات عمومی طور پر پائے نہیں
جا سکتے لہذا اس قوم کی اکثریت جاہل اور ناخواندہ رہجاتی ہیں
اور اسکی نسلیں ضائع ہوجاتی ہیں

جس قوم کو اپنی دینی حیثیت اور قومی تشخص مستحکم طور پر دنیا کے
سامنے پیش کرنا ہو تو اسکیلئے اس سے بہتر اور کوئی صورت نہیں
کہ اپنی زبان کی کتابت کو تعلیم و ترویج سے سرفراز فرمائیں
غرض قومی زبان کیساتھ تعاون اور اسکی اشاعت قومی واجب
ہونیکے ساتھ ساتھ مذہبی ضرور تو میں بھی شامل ہے بنابریں
میں دینی قوم کے ہر فرد پر لازم سمجھتا ہوں کہ اپنی زبان کو
عروج دینے میں کوئی قصر باقی نہ رکھے

العبد [signature]
صدر المدرسین مدرسہ رحمانیہ صکی بازار
اکیاب
٩-١-١٤٠٥ھ

تقریظ العلامۃ الشیخ محمد ادریس للمؤقر مدیر مدرسہ جامعہ خلیلیہ موسیٰ کالونی کراتشی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الحمد للہ وکفی وسلام علی عبادہ الذین اصطفیٰ

اما بعد - مجھے بتاریخ ۲۷ ذی الحجہ ۱۴۰۴ھ مطابق ۲۳ ستمبر ۱۹۸۴ء کو
محترم برادر مولانا الحاج محمد حنیف صاحب سے رھانگیہ زبان کے
میں تفصیلی بات چیت ہوئی اور مختلف کتابت و ایڈیشن
معائنہ کیا جس سے معلوم ہوا کہ قوم اپنی زبان کے مفید
نہیں رہ سکتی - اور مولانا موصوف کی محنت سے جو رھانگیہ
کی رسم الخط ایجاد ہوا ہے اسمیں میں بہت خوش ہوں ا
دلی دعا کرتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ اسکو مقبول عام بنائے -
اور میں امید کرتا ہوں کہ تمام رھانگیہ ارباب حل
اسکو نعمت عظمیٰ سمجھ کر اشاعت و نافذ کرنیکی حتی المقدور
کوشش کرینگے اور دفتر الرابطہ میں بھی حتی الامکان
کوشش کرونگا - فقط

احقر محمد ادریس عفا عنہ
خادم جامعہ خلیلیہ موسیٰ کالونی کراچی
۲۷ ذی الحجہ ۱۴۰۴ھ

تقریظ العلامۃ الشیخ رحمت اللہ الدیوبندی کیوکتوی مہاجر مدنی
دامت برکاتہم العالیہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم

اما بعد لا یخفی علی احد ان بقاء قوم علی میزة خاصة یتوقف
علی بقاء لغتهم وكذالك ارتقائهم يتوقف على ارتقائها فلهذا
یجب علی قومنا وهی ان یجتهدوا لاشاعة لغتهم قراءة وكتابة
والله هو الموفق

كتبه رحمة الله عبدالغنی الدیوبندی
المدینة المنورة
فی ١٤ / ١٠ / ١٤٠٤ھ

تقریظ العلامہ الشیخ محمد اسکندر اللّٰہ قمر مظاہری شیخ مدرسہ اشاعۃ العلوم سندھی فراتغ دامت برکاتہم

بسم اللہ الرحمن الرحیم

نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم۔

اما بعد بندہ عاجز نے عزیزم و برادرم عزیزم مولوی فاضل اجل محمد حنیف

نو علم کی بلاغت ہوئی بعد از ان معلوم ہوا کہ ... جو کچھ رونیکیا زبانی ... ایک

رسم الخط عدم وجود آیا جو کہ حروف بھی و تلفظ دید و شنید ... نہایت خوش

بھی نہایت کے لئے ... ان شاء اللہ ... از جملہ مقبول ہوگی بالخصوص بڑی مسلم ... ارا

اللہ تعالیٰ ... بنیچ واقعی قابل دید و ستائش ہوگی ... ہماری حتی علمی

... شاعری و ... بحیثیت تعلیم قابلیت ... ناز ... سب

... دولت ہے یعنی زبان عربی و فارسی وغیرہ ... علی ... القیاس ... کی

دولت ہے یعنی غیر زبان ہے ... زبان ہے ... پیدا ... لکھی

سکتے ہیں یہ ہماری زبان ہے ... اللّٰہ ... الحمد شکر ہے ... جدید طرز سے

ایک بڑی رسم کے رنگ وجود میں آیا یہ کیا ہے دولت ... اللّٰہ ... کا نشان

ہے

فھذا ... سلسلہ کا ... و ... دستگیری

... جاری ہو ... رفقہ ...

وفقنا و ایاکم وسلم

اسکندر مظاہری

۱۲-۵-۲

AL-JAMIATUL-ISLAMIA DARUL
ULOOM AHMADIA,
Sadullah Shar. Maungdaw. Akyab.
Burma.



الجامعة الاسلامية دار العلوم احمدية
سعد الله سر۔ بنی بازار۔ منغدو۔
اركان۔ بورما۔

အစ္စလာမ်ဘာသာရေးတက္ကသိုလ် (ဒါရုလ်အူလူမ်-အဟ်မဒီယာ)

Date:..............

Ref ....

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الحمد للہ وکفی وسلام علی عبادہ الذین اصطفی

اما بعد! مخفی نہ رہے کہ انسانی زندگی میں دینی اور دنیوی امور اور ضروریات کو پورا کرنے
اور اپنے مافی الضمیر کو ادا کرنے میں بنسبت مادری زبان جس قدر آسان اور سہولت
ہوتی ہے دوسرے زبان سے ممکن نہیں ہوتی:

اور واضح ہے کہ زبان ہی انسان کیلئے اظہار مافی الضمیر اور بقاء زندگی کا واحد ذریعہ ہے بلکہ
جس قوم کے زبان کا تحفظ نہیں رہتا تدریجاً قومیت بھی درجۂ وجود سے عدم کی طرف
منتقل ہو جاتی ہے لہذا زبان کا تحفظ قومیت کی بقاء اور قوم کا ترقی کیلئے بڑی حیثیت
رکھتی ہے بناء بریں ہمارے اراکان کے روہنگیا مسلمان پر ضروری ہے کہ اپنے زبان کو بہر
طرح حفاظت کریں اور ہم امید رکھتے ہیں کہ اس سلسلے میں خدمت کرنے والے حضرات
کو تا مقدور تعاون اور پیش قدمی کرے گا۔ اللہ تعالیٰ نعم البدل دیں۔ آمین

اخوکم فی اللہ

احقر صدیق [illegible]

۲۸ رمضان المبارک ۱۴۱۸ھ



حامدا و مصلیا

تقریظ العلامۃ الشیخ ابو الحسین المؤقر مدیر الجامعۃ محمدیہ فرامغورد امت برکاتہم

اما بعد کہ گذشتہ سے زمانہ میں بھی مستقل رسالہ ہماری زبان العربیہ (?)
تحریری شکل میں بھی اس کے حروف تہجی کے خاص اور مختار
رسم الخط کیا تھا وجود میں آنے سے محفوظ ہو جاتے اس کا نام (?)
گذشتہ زمانے میں مشہور اشخاص نے کوشش کی مگر
اس میں قبولیت نصیب نہیں ہوئی وجہ یہ تھی کہ انہوں نے
مستقل حروف تہجی اور مختار رسم الخط کیا تو ایجاد
مخصوص کیا تھی الحمد للہ حال میں زمانہ کا تقاضا ہمارے
علماء و فضلاء کی آرسانیت (?) کی کوشش نے پوری کر دی
انہوں نے جو رسم الخط رکھا ہے ان شاء اللہ وہ پسندیدہ اور قابل
تلقی بالقبول ہے میری دلی دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ان حضرات کی
اس کوشش کو شرف قبولیت عطا کرے اسکو نجات کا
وسیلہ بنائے (?) اور شہداء مسلمین اور آخر میں
ہمارے تمام روہنگیہ بھائیوں سے عرض کرتا ہوں کہ اسے بلا چون و چرا
قبول کریں حتی الامکان اس کی ترویج کی بھی کوشش کریں
پس الحمد للہ اولا و آخرا

Secretary,
Jamitul Ulma Islam,
Mangdo, Barma.

تصدیق العلامۃ الشیخ ابوبکر المؤقر رئیس الجامعۃ العزیزیہ قاسم العلوم اورنگی تاون کراتشی وصدر تنظیم المدارس کراتشی پاکستان

بحمدہ تعالیٰ ونصلی علیٰ رسولہ الکریم

اما بعد! آج مورخہ ۸ محرم ۱۴۲۶ھ کو علوم القرآن عشرہ جدید طریق کر کے سندھی بنگالی بعض احباب سے ملاقات ہوئی انکے ہاتھ میں بنگلا زبان کا اردو لٹریچر نظر آئی اسکو دیکھکر انتہا مسرت ہوئی۔ در اصل عرصہ دراز سے ہماری قوم جس کی کمی محسوس کر رہی تھی الحمد للہ اسکو پورا ہوتا پایا جن حضرات نے اسکے لئے محنت کی ان کو مبارک باد دیتا ہوں۔ میں زبنی قوم سے اپیل کرتا ہوں اسکی تعلیم و تعلم اور نشر و اشاعت کی طرف پوری توجہ مبذول کریں اور ہر ممکن تعاون کرتے رہیں فقط

اکبر

آخر میں اللہ سے دعا ہے کہ مقبول عام فرمائے اور قوم ملت کیلئے سود مند بنائے فقط

ابوبکر صدر جامعہ عزیزیہ قاسم العلوم اورنگی
وصدر تنظیم المدارس کراچی پاکستان
۸ محرم ۱۴۲۶ھ

تصدیق العلامة الشیخ ابو احمد المؤقر المحدث بالجامعة الاسلامیہ دار العلوم میانجانفور، بلی بازار، منغدو

نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم اما بعد

امسال سعودی سفر کے دوران میں بعض احباب اور ارباب علم کی وساطت سے میری ملاقات ہوئی اور [illegible] ایک روہنگیا زبان کی [illegible] دیکھ کر بڑی مسرت ہوئی جسکے رسم الخط کی امتیازی شان نہایت [illegible] مدارس [illegible] عرصہ دراز سے اس زبان کی ترویج واشاعت کی ضرورت [illegible] اب پوری برمی میں اپنی قوم کیلئے ضروری سمجھتا ہوں کہ اس زبان کو [illegible] سیکھیں اور سکھائیں اور اس زبان میں ہر فنون و مسائل اور انسانی زندگی کے تمام وسائل کے مواد دوسری زبانوں کے بطون سے منتقل کرنے کی کوشش اور اپنی قوم [illegible] میں [illegible] نشر و اشاعت [illegible] کرنا ہے اور تعلیمی مدارس و مکاتب میں داخل نصاب [illegible] زبان روہنگیا کی [illegible] کوشش و محنت کو دربار [illegible] قبول [illegible] مقبول عام [illegible]

آمین ثم آمین

ابو احمد [illegible]

خادم [illegible] جامعہ اسلامیہ دار العلوم میانجانفور [illegible]

[illegible] ۱۰/۱/ [illegible]

تصدیق العلامۃ الشیخ شمس الاسلام المؤقر مدیر الجامعۃ الاسلامیہ برمی کالونی کراتشی باکستان،

الحمد للہ وکفیٰ وسلام علی عبادہ الذین اصطفیٰ

اما بعد! ایک قوم، قوم بننے کیلئے جن چیزوں کی ضرورت پڑتی ہے ہر عاقل جانتے ہیں کہ ان میں سے اولین درجہ کی ضرورت زبان ہے۔ جس میں قوم کی تاریخ اور جملہ علوم کا علم اعتقادی معاشی ضرورتوں کے بنیادی اصول و مواد محفوظ کئے جاتے ہیں۔ ہماری قوم "رونگیا" حکومت کے مظالم کی وجہ سے اپنی دینی زبان کی ترویج و اشاعت میں ناکام رہی تھی۔ اللہ تعالیٰ کا شکر ہے کہ اس کشمکش اور مصیبت کے زمانے میں بعض قوم کے ہمدردوں نے اپنی زبان کی اشاعت کیلئے ایک مؤثر کوشش کی ہے جسکو دیکھ کر جی از حد مسرت ہوئی اور قوم کی ایک عظیم ضرورت کا پورا ہونا دیکھ کر دل سے دعا نکلتی ہے کہ اللہ تعالیٰ اس کوشش کو کامیاب بنائے اور مقبول عام بنائے۔ آمین

میری پیاری قوم سے میری التماس ہے کہ اس کوشش کو بار آور بنانے کیلئے ہر ممکن کوشش کریں اور تعلیم و تعلم کا طرز جدید اپنائیں اور اپنی قوم کے تعلیمی حلقوں میں اس کا رواج دیں اور اسکول و مدرسوں میں داخل نصاب بنائیں۔ فقط والسلام

شمس الاسلام مہتمم جامعہ اسلامیہ برمی کالونی کورنگی کراچی ۳۱

کراچی پاکستان

[illegible] ھ

تصدیق العلامۃ الشیخ احمد حسین المؤقر مدیر دار العلوم الاسماعیلیہ اورنگی ٹاؤن کراتشی

۲۸۶

الرحمٰن علم القرآن خلق الانسان

الحمدللہ میرے محترم بھائی "مولنا محمد حنیف" خصوصاً و دیگر احباب عموماً نے جو عظیم خدمت
بسلسلہ روشنگی حروف تہجی ایجاد انجام دی ہے وہ قابل صد مبارکباد ہے۔ بہرحال اس کام کی
بیحد ضرورت تھی دراصل قوم کی پستی اور خاص علم فقدان کیوجہ سے ہوئی ہے
جس قوم کو علم حاصل نہیں ہوتا وہ کبھی ترقی کی راہ پر گامزن نہیں ہو سکتی۔ کیونکہ
ترقی و منزل کا دارومدار ہی "علم" پر ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ میرے خیال کے مطابق
اس حروف کی ایجاد سے قوم کی ترقی کا نیا باب شروع ہوا ہے۔

اللہ تعالیٰ اس موجدین و معاونین کو اجر عظیم عطا فرمائے
اور تمام محبان وطن سے میری پر زور اپیل کرونگا کہ اس علم کی اشاعت میں
ہر ممکن تعاون کریں اور اسکی تعلیم و تعلم میں بھرپور حصہ لیں۔

احمد حسین مدیر دار العلوم الاسلامیہ
اورنگی ٹاؤن کراچی پاکستان
ناظم اعلیٰ تنظیم المدارس کراچی و زیر کتہ [illegible]

16 15/3/83

۱۱۳۵ مرقومہ

تصدیق العلامة الشیخ ابو احمد جامعی جنرل سیکرٹری روہنگیا جمعیۃ العلماء ہیڈکواٹر رنگون بورما

بسم اللہ الرحمن الرحیم

حامداً و مصلیاً.

حجاز مقدس کے سفر کے دوران مجھے جدہ کیلو اربعتہ عشر آنے کا اتفاق ہوا
جہاں پر روہنگیا زبان کی نئی ایجاد شدہ کتابچہ دیکھکر بڑی مسرت ہوئی۔
خطۂ ارکان برما کا بارہ سو سالہ قدیم باشندگان روہنگیا قوم عرصہ سے اپنی زبان کا
رسم الخط کا احساس کرتے ہیں۔ الحمدللہ جناب مولانا محمد حنیف و مولانا نور العالم صاحبان
کی جانفشانی کوششوں کا ثمرہ ہے کہ روہنگیا زبان وجود میں آگیا ہے۔ اب عموماً روہنگیا
قوم خصوصاً اہل علم حضرات سے عرض کرونگا کہ اپنی قومی زبان کو حتی الامکان
رواج دیکر قومی خدمات میں حصہ لیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ رنگون میں روہنگیا قوم کا
واحد ادارہ مدرسہ عربیہ نعمانیہ کے طلبا کو پڑھانے کا وعدہ کرتا ہوں۔
اللہ تعالیٰ مذکورہ حضرات کی جد وجہد کو قبول فرمائے اور روہنگیا زبان کی نئی ایجاد
کتابچہ کو دن دونی رات چوگنی ترقی عطا فرمائے۔ فقط

میں بھی مولانا وحید احمد صاحب کی رائے سے متفق ہوں

احقر ابو احمد جامعی
سکریٹری جنرل روہنگیا جمعیۃ العلماء
ہیڈ کوارٹر۔ رنگون۔ برما۔
مدرس مدرسہ نعمانیہ رنگون۔

تصدیق العلامۃ الشیخ عبدالحی المؤقر واقرانہ المشائخ دامت برکاتہم العالیہ

(۳) - میں بھی اس رسم الخط کو رومنگلیا قومی رسم الخط تسلیم کرتا ہوں اور اسکے لئے جد وجہد کو اپنا قومی فریضہ جانتا ہوں۔

[illegible] ۲۷/۱۲/۰۵
الشیخ عبدالحی

(۴) - میں بھی اس رسم الخط کو رومنگلیا قومی رسم الخط تسلیم کرتا ہوں اور اسکے لئے جد وجہد کو اپنا قومی فریضہ جانتا ہوں۔

نیازمند سید احمد سعید مدرس کوہلا [illegible]

(فاضل جامعہ اسلامیہ فقیہ و سابق استاذ دارالعلوم [illegible] مسکا اسلامیہ ٹیکنالوجی - ۲۶/۱۲/۲۰۰۵ [illegible]

(۵) - میں بھی اس رسم الخط کو رومنگلیا قومی رسم الخط تسلیم کرتا ہوں اور اسکے لئے جد وجہد کو اپنا قومی فریضہ جانتا ہوں۔

۲۷/۱۲/۲۰۰۵ ء
عبیدہ مظہر محمد غلام شریف
ارکانی

(۶) مذکورہ بالا حضرات کی تحریر سے بندہ بھی متفق ہے، حوظ
محمد عماد کسب [illegible] ۱۶/۱۲/۲۰۰۵
(فاضل دارالہدیٰ ٹھیڑی پاکستان - خلیفہ حضرت اقدس مفتی رشید احمد صاحب دامت برکاتہم لدھیانوی)

تصدیق العلامة الشیخ امیر حسین بریلوی مہاجر مدنی فاضل دارالعلوم کراتشی دامت برکاتہم

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الحمد للہ ونصلی علی رسولہ الکریم اما بعد عرض
ہے کہ علمائے کرام و دیگر اہل علم حضرات کی جدوجہد جاری رہی
کہ ہماری روهنغیا قوم کی زبان کو تحریری شکل میں تعلیم
دی جائے اللہ کا شکر ہے مسئلہ کو حل کر دیا۔ آخر محترم مولوی محمد حنیف صاحب
نے جو رسم الخط ایجاد کیا سب آسان اور نہایت پسندیدہ
نظر آرہا ہے اللہ تعالیٰ اسکی ذریعہ ہماری پریشان قوم کو
عزت دے آمین۔

احقر امیر حسین عفی عنہ بریلی

مولانا امیر حسین مہاجر مدنی
فاضل دارالعلوم کراچی

۲۰۰٦/۳/۴

تصدیق العلامۃ الشیخ نور العالم مقبول احمد جمینغکھالوی تخریج الجامعۃ الاسلامیہ پٹیہ
واستاذ الحدیث سابقا بدار العلوم میانجانفور ربلی بازار

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الحمد للہ وکفی وسلام علی عبادہ الذین اصطفی ۔۔۔ اما بعد
فقد قال اللہ تعالی "ومن آیاتہ خلق السموات والارض واختلاف
السنتکم والوانکم إن فی ذلک لآیات للعالمین" صدق اللہ العظیم

ہم اللہ تعالی کا بیحد شکریہ ادا کرتے ہیں کہ مدتہائے دراز
بعد اس نے محض اپنے لطف وکرم سے ہماری روہنگیا قوم کی مادری زبان
لکھنے پڑھنے کا موقع فراہم کیا ہے۔

واقعی روہنگیا قوم ایک الگ قوم ہے اسکی زبان بھی الگ ہے
لھذا ہم ضروری سمجھتے ہیں کہ اسکا رسم الخط بھی الگ ہو۔ تاکہ یہ اس
استقلال کی نشاندھی کرسکے۔

بنا بریں ہم اس روہنگیا رسم الخط کو قومی رسم الخط تسلیم کرتے
اور اسکی حمایت کرتے ہیں۔

ہم جسطرح اسکی خدمات کو اپنے اوپر ضروری سمجھتے ہیں اسی طرح
ہماری قوم کے ہر فرد کو مشورہ دیتے ہیں کہ جس قدر ہوسکے اس
رسم الخط کی خدمت میں کوتاھی نکرے اور اسکی ترقی کے
ہر ممکن کوشش کرتے رہے۔

وآخر دعوانا ان الحمد للہ رب العالمین۔ یغفلے مسند الحی ۔۔۔

(۱) ۔۔۔ بنت نور العالم طلبہ بعد مقبول احمد جمنگکھالوی
(فاضل جامعہ اسلامیہ پٹیہ - سابق استاذ الحدیث
دار العلوم میانجانفور ربلی بازار منگڈو)
۲۷/۱۲/۱۴۰۵ھ

الاحقر محمد اللہ بن الشیخ
محمد الیاس بن الحاج
فاضل دار العلوم دیوبند

(۲) احقر الحمد نوی بینغل پیسکل اراکی
فاضل امروھہ - سابق صدر المدرسین

تصدیق الشیخ الحافظ جمال احمد المؤقر مدیر المدارس ..... کوانصی بنغ منعدو دامت برکاتہم العالیہ

۲۶/۱/۱۴۰۶ھ
۸۶ء

الحمد للہ وحدہ والصلاۃ والسلام علی من لا نبی بعدہ۔

اما بعد کہ بعونہ تعالی دوران سعودی عرب میں بعض احباب علمائے کرام کے دیدار نصیب ہوا۔ جن کی کوشش اور جد وجہد سے ہمارے روہنگیا زبان کی ایجاد کردہ ایک کتابچہ نظر آیا جسکی پڑھائی اور پڑھوائی آسان اور سہولت معلوم ہوتی ہے دلیش بعد بعد خوشی حاصل ہوئی واقعی جس قوم کو زبان نہ ہو وہ پس حرف پڑھتا ہے اور اپنی قومیت باقی رکھنا مشکل ہو جاتا ہے لہذا ہمکو ضروری ہے کہ اس زبان کو بعجلت اور بزودی سیکھیں اور سیکھائیں اور ہر قسم کی اعانت ومعونت سے نوازیں بلکہ ہر مدارس میں داخل نصاب کیا جائے۔ اللہ تعالی موجدین اور معاونین اور معلمین اور متعلمین اور ہمارے جمیع روہنگیا قوم کو دارین وکونین کی سعادت اور اس زبان کی اشاعت کی توفیق بخشے۔ واللہ ولی التوفیق۔

بندہ جمال احمد غفرلہ

تصدیق العلامۃ الشیخ سعید عالم المؤقر مدیر سابقا للجامعۃ الاسلامیۃ احمدیہ سعد اللہ و مؤسس دار العلوم صاحبزادہ منعدد و شیخ الحدیث بمدرسۃ غزویغزام مھشکھالی

بعد

الحمد للہ الذی زین الانسان بالنطق والبیان والصلوٰۃ علی افضل من نطق بالبیان وعلی من صدقہ بالایمان

ارباب حل وعقد پر مخفی نہیں کہ تعلیم وتعلم کا مدار دینی ہو یا دنیوی افہام وتفہیم اور افہام وتفہیم کی علت تامہ لغت ہی ہے ہماری قوم کے زبان کی رسم الخط نہ ہونیکی وجہ دوسرے علوم وفنون شرطبہ کو دوسری قوموں کی زبان کی وساطت حاصل کرنیکی دقت درپیش ہونیکی وجہ سے اپنی تمنا کے مطابق حاصل کرنا اور دوسرے کو سمجھانا محال جیسے تھا کیونکہ ہم کا اس گھٹلی سے جو سنا اور جیسے ہی لیکر بیٹھا لذت میں بعد مشرقین کا ترادف ہے ہمیں کمال امید ہے ہمارے ہمرازوں سے جو حضرات قوم حفاد کے خاطر اس حل کیطرف متوجہ ہوئے اور جانی مالی تعاون کیا اللہ رب العزت انکو نعم البدل عطا فرمائے اور ہمیں ازود ہے کہ حتی المقدور جدوجہد کرکے اس رسم الخط کو ترویج دیکر مدارس میں تمام ضروری علوم وفنون کو اپنی زبان میں منتقل کئے جائیں۔

میں بھی اپنی وسعت کے حدتک اسکی ترویج میں کوشش کرتا رہونگا حتی کہ مدارس میں داخل نصاب کرنیکی کوشش کرونگا۔ ۱۲

دستخط

احقر سعید عالم غفرلہ مہتمم مدرسہ احمدیہ سعد اللہ قریبی بازار ارکان

۵ / محرم / ۱۴۰۹ھ

محمد اسلم الحق

بقلم خود

توثیق العلامة الشیخ عبد الصمد الموقر الازهری اکیابی المتخرج من الجامعة الازهر القاهرة بمصر دامت برکاتهم العالیہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ہر قوم کی شناخت اسکی اپنی زبان ہوتی ہے۔ کیونکہ زبان ایک ایسا وسیلہ ہے جس سے قوم اپنے تاریخی، ثقافی اور ادبی اعمال کو تسجیل وتدوین کرتی ہے۔ گویا کہ زبان سے ہی کسی قوم کے خدوخال ابھر کر سامنے آجاتا ہے۔

روہانگیا قوم اپنا وجود ثابت کرنے کیلئے حرکت پر آچکی ہے۔ روہانگیا زبان کے رسم الخط کی ایجاد اس قوم کے استقلال کی نشاندہی کرتی ہے۔

یہ روہانگیا قوم کی قومی زبان کی تحریری شکل کا ابتدائی مرحلہ ہے۔ جس کو نشونما پانے کیلئے عام تحفظ کی ضرورت ہے۔ اور یہ تحفظ اسکو صرف روہانگیا قوم ہی دے سکتا ہے۔ لہذا روہانگیا قوم کے تمام افراد سے میرا مخلصانہ گذارش ہے کہ وہ اس زبان کو فروغ دینے کی طرف خاص توجہ دے اور اس کی ترویج واشاعت کیلئے کوئی قصر باقی نہ رکھے۔ فقط والسلام۔

(حقیر عبد الصمد مرباوی)

توثیق المحترم ماسٹر نذیر حسین المؤقر دھودا ننغ مہاجر مکی فاضل دارالعلوم دیوبند B.A.B.I.D
ریٹائرڈ ہائی اسکول ہیڈ ماسٹر راسیدنغ اکیاب ،،

"نحمدہ و نصلی علی رسولہ الکریم"

اما بعد ۔ روہنگیا زبان کی رسم الخط میں لانے کی کوشش اور تمنا ہر گرم
دیرینہ اور قدیم ہے ۔ بلکہ بعض حضرات اس کی اہمیت کو محسوس کر
پیوند عمل کاروائی بھی شروع کئے تھے ۔ مگر بعض مشکلات اور مسلسل جبر و
نہ ہونے کی وجہ سے پیشتر کا سب حادثہ پیش ہوئے تھے ۔ خدا کا لاکھ لاکھ شکر ہے کہ
"من جد وجد" یا "سعی کوئی قابل ہو تو ہم شان نئی دیتے ہیں" ۔ وہ جو ہمیشہ
کو دنیا بھی نئی دیتے ہیں" ۔ حدیث کے تحت ہمارے دیرینہ تمنا پوری ہو گئی
خدا نے ہمارے اندر عزیز محترم مولانا الحاج محمد حنیف صاحب عبداللہ مولانا الحاج نور الاسلام
اور انکے معاونین جیسے ہستیاں پیدا کئے ۔ جنہوں نے انکی دیرینہ کوشش
اور دلیرانہ جرأت اور ہمت کا باعث ہمارے ایک مردہ زبان میں جان
پڑ گئی ۔ اس بے لوث اور بے بہا خدمت کی وجہ سے انہوں نے قوم کو ایک
ایسی عزت بخشی جو کہ ہرگز ہرگز فراموش نہ قابل فراموش نہیں ہو سکتی ۔ اگر
ہمارے قوم دوسرے بڑے قوموں کی طرح قدر و منزلت میں برابر ہوتے تو
ایسے قومی محسن شخصیتوں کیلئے نوبل پرائز کا اعلان کرتے ۔ میں
ذاتی حیثیت سے اس بے بہا خدمت پر تہہ دل سے خراج تحسین پیش
کرتا ہوں ۔ اور یقین دلاتا ہوں جہاں تک مجھ ناقص سے ہو سکے اس کی
عروج و ترقی میں ہر ممکن کوشش کرتا رہونگا ۔

اور قوم کے دانشمند اور صاحب علم حضرات سے خصوصا اور
عام قوم سے عموما پرزور اپیل کرتا ہوں کہ اس عظیم خدمت کی قدر و عزت
کی نگاہ سے دیکھیں اور زیادہ سے زیادہ اس کی عروج و ترقی میں
حسب استطاعت حصہ لیں ۔ اگر قوم اپنی ذاتی اختلافات اور بے جا
تنقیدی جذبات کو بالائے طاق رکھ کر اس عظیم شاہراہ ترقی کی حفاظت اور
عروج میں ایک جہت اور اتفاق و اتحاد سے کام کرتے رہیں گے تو فور
ایک زمانہ ایسا آئیگا کہ اس شاہراہ پر چل کر اعلیٰ معیار زندگی
پر پہنچ سکتے ہیں ۔ اور آخر میں اپنی قوم سے میں یہ عاجزانہ

درخواست کرونگا کہ وہ اس عظیم قومی خدمت کو پایہ تکمیل
تک پہونچانے کیلئے ہر ممکن کوشش کو برابر جاری رکھیں ۔ اور
بمصداق قول باری تعالیٰ "ان اللہ لا یضیع اجر المحسنین" خدا
آپ حضرات کو برابر مدد کریگا ۔ اور دین و دنیا میں
آپ حضرات سرخرو ہونگے ۔ آمین !

از طرف

احقر نذیر حسین عبدالجلیل دھودانگیکر

مقیم حال

"مکۃ المکرمہ"

فاضل دیوبند ۔ بی ۔ اے ۔ بی ۔ آئی ۔ ڈی

ریٹائرڈ ہائی اسکول ہیڈ ماسٹر

راسیدنگ اکیاب ۔ برما

میں مندرجہ بالا تحریر کو قبول کیا ہوں

از طرف [illegible]

دستخط

۲۳/۴/۱۴۰۴ھ

توثیق العلامۃ الشیخ منیر احمد الموقر رامپوری بیلوی الاستاذ الاعلیٰ بمدرسۃ محمدیہ فرامغور منعقدو، ارکان، بوریا

نحمدہ و نصلی علی رسولہ الکریم

اما بعد کہ کسی ذی الشعور پر یہ بات مخفی نہیں ہے کہ کسی قوم کی
آزادی اور خود مختاری زندگی اپنی زبان تحریری صورت پر لائے بغیر میسر ہی
امکان نہیں اسلئے دنیا میں کوئی قوم ایسی نہیں ہے جو اپنی قومی زبان
تحریری شکل میں نہ ہو نہیں ہیں ایک ہم روہنگیا قسم جو ہیں
مدت کے بعد ہمارے چند غیرت مند علماء و فضلاء نے بفضلہ تعالیٰ آج
حروف تہجی ایجاد کر کے ہماری دیرینہ ارمان کو پوری کی ہے روہنگیا زبان کی
ہم انکی اس قومی خدمت کو قبول فرمائے اور ذریعہ نجات بنائے استدعا ہے بارگاہ
آخیر میں ہمارے روہنگیا بھائیوں سے میری درخواست ہے آمین بحرمت سید المرسلین
اس قومی زبان کو حتی الامکان فروغ دینے کی کوشش کریں کہ ہماری
کوشش کریں۔

راقم محتاج العبد ولوالدیہ و اساتذتہ
۶ ربیع الحجۃ
۱۴۰۰ھ

توثیق العلامۃ الشیخ محمد امین المؤقر المؤقر الاستاذ الاعلیٰ بمدرسۃ محمدیہ فرامفور منغلہ

وہی ہوتا ہے جو منظور خدا ہوتا ہے
مدعی لاکھ برا چاہے تو کیا ہوتا ہے

الحمد للہ نحمدہ و نصلی علی رسولہ الکریم اما بعد لکھنے والے حضرات نے اس کو لکھا ہے کہ
مجھے اس کے دہرانے کی ضرورت ہی نہ رہی خوش سلسلہ جہاں تاب کے ساتھ اتنی گفتگو کیا حقیقت
البتہ یہ ایک مسلم امر ہے کہ جو قوم غفلت کی میٹھی نیند میں گہری سے سوئی پڑی
رہتی ہیں ان کا ابرو و اسباب بے خوف و خطر با آسانی لوٹی جا سکتی ہیں
بغیر غلامیت پر ملک میں بھی اجارہ قائم ہو سکتی ہے تعلیم ہی جس قوم کی زبان
